9 درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 5

(a) صنعت 'حسن تعلیل' کی تعریف کیجیے۔

(b) صنعت 'مراعاۃ النظیر' کی تعریف کیجیے۔

(c) مضمون کے اعتبار سے قصیدے کی کتنی قسمیں ہیں؟

(d) 'تعلّی' کسے کہتے ہیں؟

(e) تلمیح کسے کہتے ہیں؟

10 مرثیے کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔ 6

11 نظم 'چاند تاروں کا بن' یا 'نئی تہذیب' میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 4

12 رباعی کسے کہتے ہیں؟ دو مشہور رباعی گو شعرا کے نام لکھے۔ 4

13 درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے مختصر حالات زندگی لکھیے اور اس کے کلام کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ 4

اکبر الہ آبادی - مرزا غالبؔ

14 لفظ 'گل دان' میں 'دان' لاحقہ ہے۔ یہی لاحقہ استعمال کرکے پانچ لفظ بنا ہے۔ 5

15 غزل کی تعریف کیجیے اور دو مشہور غزل گو شعرا کے نام لکھیے۔ 4

16 شعر مکمل کیجیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

الٹی ہوگئیں سب تدبیریں، کچھ نہ دوا نے کام کیا

.....................................................................

(a) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(b) 'بیماریٔ دل' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

7 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تقریباً دو صفحات کا مضمون لکھیے۔ 10

(a) میرا پسندیدہ فلمی کردار
(b) الیکٹرانک میڈیا کے فائدے
(c) قومی یکجہتی
(d) تعلیم نسواں

8 درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ صرف دو اشعار کا مطلب لکھیے۔ 8

(الف)

(i) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا

(ii) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کرے ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا

(iii) ہمیشہ رنگ زمانہ بدلتا رہتا ہے
سفید رنگ میں آخر سیاہ مو کرتے

(ب)

مستیاں ختم، مدہوشیاں ختم تھیں، ختم تھا بانکپن
رات کے جگمگاتے، دہکتے بدن
صبح دم ایک دیوارِ غم بن گیے
خار زارِ الم بن گیے
رات کی شہ رگوں کا اچھلتا لہو
جوئے خوں بن گیا۔

